نمبر ۱۳ جلد ۵ ضمیمہ اخبار الحکم ۱۰ اپریل ۱۹۰۱ء

تصویر

اس زمانہ میں علم قیافہ کے ذریعہ سے بھی انسان کے اخلاق - عادات کا پتہ لگ سکتا ہے اور مغربی دنیا نے اس فن میں بہت بڑی ترقی کی ہے حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اہل یورپ پر تکمیل تبلیغ کی خاطر اپنا فوٹو لینے دیا ہے اس لئے بذریعہ اشتہار ہذا اطلاع دیجاتی ہے کہ مندرجہ ذیل فوٹو میرے پاس موجود ہیں جو صاحب چاہیں بذریعہ قیمت نقد یا بہ اجازت وی پی منگوالیں۔

حضرت اقدس کی کھڑی اور بیٹھی تصویر فل سائز عمہ ر

حضرت اقدس لاہور کی جماعت کے ساتھ فل سائز عمہ ر

حضرت اقدس سیالکوٹ کی جماعت کے ساتھ فل سائز عمہ ر

حضرت اقدس مختلف برادران کے ساتھ مگر اکثر مشہور اصحاب جنہیں ایڈیٹر اخبار الحکم بھی ہیں فل سائز عمہ ر

حضرت اقدس کی ستر آدمیوں کی جماعت کے ساتھ فل سائز عمہ ر

حکیم نور الدین صاحب کی علیحدہ تصویر عمہ ر

مولانا مولوی عبد الکریم صاحب کی علیحدہ تصویر عمہ ر

حضرت اقدس کے چاروں فرزندوں کی تصویر فل سائز عمہ ر

المشتہر

ڈاکٹر حکیم شیخ نور محمد صاحب مالک کارخانہ ہمدم صحت لاہور

کتاب ایک عمدہ رفیق ہے

اگر آپ کتب کے فواید سے واقف ہیں تو پھر مندرجہ ذیل کتابیں دفتر اخبار الحکم قادیان سے ضرور خرید کر پڑھو۔

سیرۃ مسیح موعود - اس کتاب کے مضمون کے لئے تو اتنا ہی کہدینا کافی ہے کہ حضرت اقدس مسیح موعود کی سیرۃ ہے اور آپکی ضرورت پر بحث کی گئی ہے آخر میں دکھایا ہے کہ حضرت مسیح موعود نے آکر کیا تجدید کی؟ اور باقی خوبیوں کے لئے اتنا کہدینا ہی بس ہے کہ یہ حضرت مولانا مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کی تصنیف ہے۔ قیمت ۸/

رپورٹ جلسہ ۱۸۹۷ء - جس میں حضرت اقدس مسیح موعود کی تین تقریریں حضرت مولانا مولوی نورالدین صاحب سلمہ ربہ اور مولانا مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کی تقریروں کے علاوہ درج ہیں۔ قرآن کریم کے حقایق و معارف کے سننے اور پڑھنے کا جسے شوق ہے اسکو بھی پڑھ دیکھے قیمت ۳/

الانذار - جلسہ طاعون کی روئیداد حضرت اقدس کی تقریر اور حضرت مولوی نورالدین صاحب کی تقریر کے علاوہ ایک عجیب نظم میر حامد شاہ صاحب سیالکوٹی کی درج ہے اور طاعون کے متعلق کل کارروائی حضرت اقدس کا مجموعہ ہے قیمت صرف ۴/

حضرت اقدس کی ایک تقریر اور مسئلہ وحدت وجود پر خط } نماز - دعا کی حقیقت اور مسئلہ وحدت وجود کی اصلیت بتلائی گئی ہے قیمت ۲/

حضرت اقدس کی پرانی تحریریں۔ } تناسخ - مقابلہ وید و قرآن - اور الہام کی حقیقت پر زبردست مضامین قیمت ۲/

سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب } اسلام کی عظمت کا اظہار اور عیسائی دین کی قلعی کھول کر دکھائی ہے قیمت ۴/

الدلیل المحکم علی وفات مسیح ابن مریم - مضمون نام سے ظاہر ہے۔ سوال و جواب کے طور پر حضرت اقدس کے دعاوی اور دلایل کو بیان کر کے مخالفوں کے اعتراضوں کو رفع کیا ہے قیمت ۳/

جنگ مقدس - کسر صلیب کی ابتدا یعنی وہ مباحثہ جو بمقام امرتسر حضرت اقدس مسیح موعود اور عبداللہ آتھم عیسائی کے درمیان ہوا قیمت ۸/

تفسیر القرآن پہلا پارہ - قرآن کریم کے حقایق اور معارف کا شوق ہے تو اسے پڑھو قیمت بلا محصول ڈاک ۱۲/

پکار حق - ایک پنجابی رسالہ جسمیں حضرت اقدس کے دعاوی اور دلایل کو بیان کیا ہے قیمت ۲/

درخواستیں دفتر اخبار الحکم قادیان کے نام ہوں